سوال

(278) عصر کے بعد نوافل پڑھنا کیسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عصر کے بعد نوافل پڑھنا کیسا ہے؟ یعنی سببی بھی نہ ہوں۔ مطلقاً نفلی نماز کا حکم بالتفصیل ذکر فرمائیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری، باب مایصلی بعد العصر الخ میں ہے: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عصر کے بعد دو رکعات پڑھا کرتے تھے۔''تو ان دو رکعات، قضاء فوائت اور سببی نماز کے علاوہ نماز نفل عصر کے بعد ممنوع ہے۔ واللہ اعلم۔

[سیدنا علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلمنے فرمایا: ''عصر کے بعد نماز نہ پڑھو، مگر یہ کہ سورج بلند ہو۔''[1اس حدیث سے ظاہر ہے کہ عصر کے بعد نماز کی ممانعت مطلق نہیں ہے۔ ۲۱ ۳ ۱۴۲۴ھ

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04